# باب 6: بینک اور رقم

## ہانگ کانگ کی کرنسی

روزمرہ گردش میں موجود نوٹس HK$10, $20, $50, $100, $500 اور $1,000 کی مالیت میں ہیں۔ HK$20، $50، $100، $500 اور $1,000 کے نوٹوں کو تین نوٹ جاری کرنے والے بینکوں، جن کے نام دی ہانگ کانگ اینڈ شنگھائی بینکنگ کارپوریشن لمیٹڈ، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (ہانگ کانگ) لمیٹڈ اور دی بینک آف چائنا (ہانگ کانگ) لمیٹڈ ہیں، جاری کرتے ہیں، اور ایک نئی سیریز 2018 میں جاری کی گئی تھی۔ ابتدائی سالوں میں جاری کی گئی سیریز کے ساتھ، اس تازہ ترین 2018 سیریز کے بینک نوٹس، تمام قانونی ٹینڈر ہیں اور ہانگ کانگ میں روزانہ لین دین کے لئے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ HK$10 نوٹوں کے لئے، 2002 سے سے حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایک کاغذی نوٹ اور 2007 کے بعد سے حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایک پولیمر نوٹ ہے۔

سکوں کو HK$10, $5, $2, $1, 50 سینٹ، 20 سینٹ، اور 10 سینٹ کی مالیت میں جاری کیا جاتا ہے۔

ہانگ کانگ میں گردش کرنے والے نوٹوں اور سکوں کی تفصیلات کیلئے برائے مہربانی ہانگ کانگ مونیٹری اتھارٹی کا ویب صفحہ (https://www.hkma.gov.hk/eng/key-functions/money/hong-kong-currency/) ملاحظہ کریں۔

## شرح مبادلہ

1983 کے بعد سے، ہانگ کانگ ڈالر تقریباً US$1 = HK$7.80 کی شرح سے امریکی ڈالر سے بندھا ہوا ہے۔ کیونکہ ہانگ کانگ ڈالر اور دیگر کرنسیوں کے درمیان تبادلے کی شرح دن بہ دن تبدیل ہوتی رہتی ہے، تو تبادلے کی موجودہ شرح کے لئے انٹرنیٹ، اخبار یا اپنے بینک کی جانچ کرنا سب سے بہتر ہے۔

*مشورہ:*

- بینکس اور منی ایکسچینجر ایک کمیشن وصول کرتے ہیں۔ اسی طرح، ہوٹلز اور بڑے ریٹیل آؤٹ لیٹس جو مہمانوں اور گاہکوں کے لئے تبادلہ کی سہولیات فراہم کرتے ہیں کی جانب سے کمیشن وصول کیا جاتا ہے۔
- جیسا کہ دوسری جگہوں پر ہے، نقد رقم اور مسافروں کے چیکس کے تبادلے کی شرح میں معمولی فرق ہوتا ہے اور سکے قابل تبادلہ نہیں ہیں۔
- بینکوں اور منی چینجرز کی پیش کردہ تبادلے کی قیمتیں یکساں نہیں ہوتی ہیں۔ یہ پڑتال کرنے کا بہترین طریقہ کہ کیا آپ ایک منصفانہ لین دین کر رہے ہیں مختلف بینکوں اور منی چینجرز کی طرف سے پیشکش کردہ شرحوں کا موازنہ کرنا ہے۔

- منی چینجرز کی جانب سے تبادلہ کی خالص شرحوں کو دکھانا ایک قانونی ذمہ داری ہے۔ آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ تبادلے کے لئے پیسے حوالے کرنے سے پہلے ان کی اور مسافروں کے چیکس کے تبادلے کے لئے قابل ادائیگی کسی بھی اضافی کمیشن کی رقم کی جانچ پڑتال کر لیں۔ بلحاظ قانون رسیدیں جاری کرنا لازمی ہے۔
- اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کو دھوکہ دیا گیا ہے تو آپ مدد کے لئے پولیس سے رجوع کر سکتے ہیں۔

## بینک اکاؤنٹ کھولنا

کسی بینک کے ساتھ اکاؤنٹ کھولتے وقت، آپ کو بینک کو اپنی شناختی دستاویز (مثال کے طور پر، ایک کارآمد سفری دستاویز یا شناختی کارڈ) اور دیگر معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی (/https://www.hkma.gov.hk/eng/other-information/ac-opening) کا وقف شدہ ویب صفحہ بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں، جو دیگر کے مابین، اکاؤنٹ کھولنے کے طریقہ کار، دستاویزات اور معلومات کے تقاضے اور ہانگ کانگ میں بینکوں سے رابطے کی تفصیلات کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔ مزید یہ کہ اکاؤنٹ کھولنے کے طریقہ کار اور انفرادی بینکوں کی دستاویزات کے تقاضوں کے بارے میں بنیادی معلومات بینکوں کی ویب سائٹ پر پوسٹ کی گئی ہیں اور آپ اکاؤنٹ کھولنے کے لئے بینکوں سے ان کے تفصیلی تقاضوں کے بارے میں بھی پوچھ سکتے ہیں۔

انفرادی ریٹیل کسٹمرز کے لئے ایک بینک اکاؤنٹ کھولنے کی عام طور پر کوئی فیس یا خرچ نہیں ہے۔ بینکاری کی بنیادی سروسز تک رسائی میں مزید سہولت دینے کے لیے، ہانگ کانگ میں ریٹیل بینکوں کی اکثریت نے انفرادی خوردہ گاہکوں کے لیے کچھ بینک اکاؤنٹس کے کم اکاؤنٹ بیلنس پر سے فیس ہٹا دی ہے۔ ہانگ کانگ میں موجود وہ چند ریٹیل بینک جو کم بیلنس کی فیس چارج کرتے ہیں، وہ معاشی کمزور گاہکوں کے لئے اس طرح کی فیس میں چھوٹ دے سکتے ہیں اور کم آمدنی والے صارفین کے لیے اس طرح کی فیس چارج کرنے کے لئے ایک لچکدار نقطہ نظر اپناتے ہیں، (لچکدار نقطہ نظر میں شامل ہے یا تو کم آمدنی والے گاہکوں سے بطور معاشی کمزور گاہک نمٹنا اور کم بیلنس کی فیس معاف کرنا یا انہیں بنیادی بینک اکاؤنٹس کے استعمال کے سلسلے میں برانچ کاؤنٹر خدمات تک مفت رسائی فراہم کرنا)۔ لہذا، جب آپ بینک کے ساتھ ایک اکاؤنٹ کھولتے ہیں، آپ کو کسی بھی فیس اور چارجز کی تفصیلات حاصل کرنے، جو کہ لاگو ہو سکتی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ بینک کی کسی بھی چھوٹ کی پالیسیوں کو حاصل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

بہاسا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، ٹیگالوگ، تھائی اور اردو میں بینک اکاؤنٹ اور دیگر بینکاری خدمات (مثال کے طور پر خودکار ٹیلر مشینوں، ڈیپازٹ پروٹیکشن اسکیم وغیرہ کے استعمال سے متعلق حفاظتی نکات) کے بارے میں عمومی معلومات ہانگ کانگ مونیٹری اتھارٹی، ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینک اور مساویانہ مواقع کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

## آبائی وطن پیسے بھیجنا

اپنے خاندانی گھر پیسے بھجواتے وقت (ترسیل زر)، بہترین مشورہ یہ ہے کہ اپنے آبائی ملک والے بینک کو تلاش کریں جس کی ہانگ کانگ میں برانچیں ہوں، کیونکہ ہو سکتا ہے ان کے پاس

کوئی خصوصی ترسیل زر کی پالیسی موجود ہو۔ اگر نہیں، تو ایسا ہانگ کانگ کا بینک استعمال کریں جس کی آپ کے ملک میں شاخیں ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| 2521-5166 | 4/F, Dina House, Ruttonjee Centre<br>11 Duddell Street, Central, Hong Kong | Bank of Baroda |
| 2524-0186 | 2/F, Ruttonjee House<br>11 Duddell Street, Central, Hong Kong | Bank of India |
| 2529-1398 | 4206-07, 42/F, Hopewell Centre<br>No.183 Queen's Road East<br>Wanchai, Hong Kong | Canara Bank |
| 3107-2972 | Suite 1707, 17/F, Tower 1<br>The Gateway, Harbour City<br>25 Canton Road, Tsim Sha Tsui<br>Kowloon | HDFC Bank Limited |
| 2234-2600 | Units 1504B-1505, Level 15<br>International Commerce Centre<br>1 Austin Road West, Kowloon | ICICI Bank Limited |
| 2522-7157 | 3/F, Ruttonjee House<br>11 Duddell Street, Central, Hong Kong | Indian Overseas Bank |
| 2970-4819 | Room 1003, 10/F<br>Li Po Chun Chambers<br>189 Des Voeux Road Central<br>Hong Kong | Punjab National Bank |
| 2523-3166 | 15/F, Central Tower<br>28 Queen's Road Central, Hong Kong | State Bank of India |
| 2524-9240 | Unit A & B, 2/F, Astoria Building<br>34 Ashley Road, Tsim Sha Tsui<br>Kowloon | UCO Bank |
| 2524-2221 | Unit 1903-1904, 19/F<br>9 Queen's Road Central, Hong Kong | Union Bank of India |

**انڈیا** (above) / **انڈونیشیا**

| | | |
|---|---|---|
| 2529-9871 | G/F, Far East Finance Centre<br>16 Harcourt Road, Central, Hong Kong | PT. Bank Negara Indonesia .(Persero) TBK |

| | | |
|---|---|---|
| PT. Bank Mandiri .(Persero) TBK | 7/F, Far East Finance Centre 16 Harcourt Road, Central, Hong Kong | 2877-3632 |
| **پاکستان** | | |
| National Bank of Pakistan | Units 1801-1805, 18/F, FWD Financial Centre, 308-320 Des Voeux Road Central, Hong Kong | 2541-5321 |
| **فلپائنز** | | |
| BDO UNIBANK, INC. | G/F, Euro Trade Centre 13-14 Connaught Road Central Hong Kong | 2868-0323 |
| Philippine National Bank | Unit 02, 9/F, Tung Wai Commercial Building, 109-111 Gloucester Road Wan Chai, Hong Kong | 2543-7171 |
| **تھائی لینڈ** | | |
| Bangkok Bank Public Company Limited | Bangkok Bank Building 28 Des Voeux Road Central Hong Kong | 2801-6688 |
| Kasikornbank Public Company Limited | Unit 3316, 33/F China Merchants Tower Shun Tak Centre 168-200 Connaught Road Central Hong Kong | 2526-6811 |
| The Siam Commercial Bank Public Company Limited | Suites 3209, 32/F, Jardine House 1 Connaught Place Central Hong Kong | 2524-4085 |

**مشورہ:**

- ہانگ کانگ میں کوئی تبادلہ کنٹرول لاگو نہیں ہیں، چنانچہ جتنی آپ چاہیں اتنی رقم یہاں لا سکتے ہیں یا بھجوا سکتے ہیں۔
- انٹرنیشنل ٹیلی گرافک ٹرانسفرز تیز رفتار اور موثر ہیں۔ ہانگ کانگ میں موجود تمام بڑے بینک آپ کیلئے یہ خدمت فراہم کر سکتے ہیں۔
- پیسے امریکی ڈالر میں ٹیلی گرافک ٹرانسفر یا بینک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائیں ۔ ڈاک میں یا آپ کے ملک واپس جانے والے کسی دوسرے فرد کے ذریعے پیسے مت بھجوائیں۔